دی بینک آف پنجاب

پریس ریلیز

دی بینک آف پنجاب اوراین آئی ایف ٹی کے درمیان معاہدہ پردستخط

لاہور، 27 فروری 2020: پاکستان میں کیش لیس معیشت کے نظریے کوفروغ دینے اورڈیجیٹل کامرس ادائیگیوں کوفعال کرنے کیلئے دی بینک آف پنجاب اور پاکستان کے سب سے بڑے پیمنٹ پروسسر نیشنل انسٹی ٹیوشنل فسلیٹیشن ٹیکنالوجیز (این آئی ایف ٹی) میں معاہدہ طے پا گیا اس معاہدے کی وجہ سے بی او پی صارفین کو'' این آئی ایف ٹی ایس ای پے'' کے پلیٹ فارم سے کام کرنے والے ہزاروں ڈیجیٹل مرچینٹس تک رسائی کے علاوہ ڈیجیٹل پے منٹ قبول کرنے والا وسیع کارپوریٹ پورٹ فولیو بھی دستیاب ہوگا۔

این آئی ایف ٹی ایس ای پے پاکستان میں کسی بھی بینک اکاؤنٹ اوروالٹ کے مابین ڈیجیٹل کامرس ادائیگیوں کا ذریعہ قائم کررہاہےاور صارفین کواپنے اکاؤنٹس (سی اے ایس اے) یاوالٹ کے ذریعے براہ راست ای کامرس ادائیگیاں کرنے کاموقع فراہم کررہاہے۔

بینک آف پنجاب اپنی 600 سے زائد برانچوں کے ذریعے 20 لاکھ سے زائد صارفین کوکارپوریٹ، ریٹیل اورکنزیومر بینکنگ کے شعبوں میں خدمات فراہم کرنے والا ساتواں بڑا کمرشل بینک ہے۔ بینک آف پنجاب کی توجہ اپنے ریٹیل اور بزنس صارفین کوڈیجیٹل ادائیگیاں کرنے کے لیے ڈیجیٹل چینل فراہم کرنے پرمرکوز ہے جبکہ حکومت پنجاب کوڈیجیٹل حل فراہم کرنے میں سبقت حاصل ہے۔

معاہدے پر دستخط حیدروہاب، سی ای او- این آئی ایف ٹی اوروقاص انیس، سربراہ ڈیجیٹل بینکنگ گروپ بی او پی نے دونوں اداروں کے ٹیم ممبروں کی موجودگی میں کیئے۔ تقریب میں امتیاز شیخ، سی آئی او- بینک آف پنجاب اورفواد عبدالقادر، سربراہ ڈیجیٹل فنانس سروس- این آئی ایف ٹی اوردنوں اداروں کے دیگرافراد بھی شامل ہوئے۔

اس موقع پرحیدروہاب نے کہا کہ بینک آف پنجاب کے ساتھ این آئی ایف ٹی ای پے خدمات کی فراہمی کے معاہدے سے ہمیں انتہائی خوشی ہے اس کی وجہ سے سینٹرل ریجن کی کمرشل اورحکومتی انٹیٹیز کے درمیان مضبوط تعلقات قائم ہوں گےاور ہم پراعتماد ہیں این آئی ایف ٹی اوربی او پی کے درمیان ہونے والے اس اشتراک سے مالیاتی خدمات سیکٹرمیں غیرروایتی اورمختلف طرز کے ڈیجیٹل استعمال میں اضافہ ہوگا۔ وقاص انیس نے اس معاہدے کوانڈسٹری میں ڈیجیٹل پے منٹ ایکوسسٹم کے مشترکہ مقصد کے حصول کیلئے نہایت معاون اورمفید قراردیا۔